① فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے اور اگر اس سے پہلے ساکن حرف ہو یا اسے اگلے لفظ سے ملایا جائے تو اُلٹا پیش کو صرف پیش دے دیتے ہیں۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ اصل میں یَا اَبِیْ تھا پیار سے والد کو بلانے کے لیے ت کا اضافہ ہوتا ہے اور آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں سَ میں عموماً عنقریب اور ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔

قَدۡ صَدَّقۡتَ الرُّءۡيَا ۚ	یقیناً تو نے سچ کر دکھایا (اپنا) خواب
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجۡزِي	بے شک ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں
الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿105﴾	نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿105﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الۡبَلٰٓؤُا الۡمُبِيۡنُ ﴿106﴾	بے شک یہی یقیناً کھلی آزمائش ہے۔ ﴿106﴾
وَفَدَيۡنٰهُ	اور ہم نے بدلے میں دیا اس (اسماعیل) کے
بِذِبۡحٍ عَظِيۡمٍ ﴿107﴾ وَتَرَكۡنَا	ایک عظیم ذبیحہ۔ ﴿107﴾ اور ہم نے (باقی) چھوڑا
عَلَيۡهِ فِي الۡاٰخِرِيۡنَ ۖ﴿108﴾	اس پر (یعنی اس کا ذکر خیر) پیچھے آنے والوں میں۔ ﴿108﴾
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ ﴿109﴾	سلام ہو ابراہیم پر۔ ﴿109﴾
كَذٰلِكَ نَجۡزِي الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿110﴾	اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿110﴾
اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿111﴾	بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔ ﴿111﴾
وَبَشَّرۡنٰهُ بِاِسۡحٰقَ نَبِيًّا	اور ہم نے خوشخبری دی اسے اسحاق کی (جو) نبی ہوگا
مِّنَ الصّٰلِحِيۡنَ ﴿112﴾	(اور) نیک لوگوں میں سے (ہوگا)۔ ﴿112﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَدَّقۡتَ : تصدیق، صدقِ دل، صادق وامین۔	فَدَيۡنٰهُ : فدیہ، فدا۔
الرُّءۡيَا : تعبیر الرؤیا، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔	بِذِبۡحٍ : ذبح، ذبیحہ، مذبح۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	عَظِيۡمٍ : عظیم، اعظم، معظم، تعظیم۔
نَجۡزِي : جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	تَرَكۡنَا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، تارک صلوٰۃ۔
الۡمُحۡسِنِيۡنَ: احسن جزا، حسن، احسان، محسن انسانیت۔	الۡاٰخِرِيۡنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔
الۡبَلٰٓؤُا : بلا، ابتلاوآزمائش، مبتلا۔	عِبَادِنَا : عبد، عابد، عباد الرحمن۔
الۡمُبِيۡنُ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	بَشَّرۡنٰهُ : بشارت، مبشر، بشیر۔
وَ : شام وسحر، لیل ونہار، شان وشوکت۔	الصّٰلِحِيۡنَ : صالح، صلح، اعمال صالحہ۔

قَدْ ①	صَدَّقْتَ	الرُّءْيَا ج	اِنَّا ②	كَذٰلِكَ
یقیناً	تونے سچ کر دکھایا	(اپنا) خواب	بے شک ہم	اسی طرح

نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ③ (105)	اِنَّ ①	هٰذَا	لَهُوَ ①
ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک	یہی	یقیناً وہ

الْبَلٰٓـؤُا	الْمُبِيْنُ (106)	وَ	فَدَيْنٰهُ ④
آزمائش (ہے)	کھلی	اور	ہم نے بدلے میں دیا اس (اسماعیل) کے

بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ⑤⑥ (107)	وَ	تَرَكْنَا ④	عَلَيْهِ
ایک عظیم ذبیحہ	اور	ہم نے (باقی) چھوڑا	اس پر

فِي الْاٰخِرِيْنَ صلے (108)	سَلٰمٌ	عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (109)	كَذٰلِكَ
پیچھے آنے والوں میں	سلام (ہو)	ابراہیم پر	اسی طرح

نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ ③ (110)	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا ⑦	الْمُؤْمِنِيْنَ ③ (111)
ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بیشک وہ	ہمارے بندوں میں سے	سب ایمان لانے والے

وَبَشَّرْنٰهُ ④	بِاِسْحٰقَ	نَبِيًّا	مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (112)
اور ہم نے خوشخبری دی اسے	اسحاق کی	نبی (ہوگا)	(اور) نیک لوگوں میں سے (ہوگا)

ضروری وضاحت

① قَدْ فعل کے شروع میں اِنَّ اسم کے شروع میں اور لَ اسم، فعل، حرف کے شروع میں تاکید کی علامت ہوتی ہے۔② اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑦ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ — اور ہم نے برکت نازل کی اس پر اور اسحاق پر

وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ — اور ان دونوں کی اولاد میں سے کوئی نیکی کرنیوالا ہے

ع 3 39 7 وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ع ﴿113﴾ — اور کوئی واضح ظلم کرنے والا ہے اپنے نفس پر۔ ﴿113﴾

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى — اور بلاشبہ یقیناً ہم نے احسان کیا موسیٰ پر

وَهٰرُوْنَ ﴿114﴾ ج وَنَجَّيْنٰهُمَا — اور ہارون پر ﴿114﴾ اور ہم نے نجات دی ان دونوں کو

وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿115﴾ ج — اور ان دونوں کی قوم کو بہت بڑی مصیبت سے۔ ﴿115﴾

وَنَصَرْنٰهُمْ — اور ہم نے مدد کی ان کی

فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿116﴾ ج — تو وہی غلبہ حاصل کرنے والے ہوئے۔ ﴿116﴾

وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿117﴾ ج — اور ہم نے دی ان دونوں کو واضح کتاب۔ ﴿117﴾

وَهَدَيْنٰهُمَا — اور ہم نے ہدایت دی ان دونوں کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿118﴾ ج وَتَرَكْنَا — سیدھے راستے کی۔ ﴿118﴾ اور ہم نے (باقی) چھوڑا

عَلَيْهِمَا — ان دونوں پر (یعنی ان دونوں کا ذکر خیر)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- بٰرَكْنَا : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔
- ذُرِّيَّتِهِمَا : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
- ظَالِمٌ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
- لِّنَفْسِهٖ : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
- مُبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
- مَنَنَّا : ممنون، عبدالمنان۔
- نَجَّيْنٰهُمَا : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
- الْكَرْبِ : کرب، کرب وبلا۔
- الْعَظِيْمِ : اجر عظیم، معظم، تعظیم۔
- نَصَرْنٰهُمْ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
- الْغٰلِبِيْنَ : غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
- الْمُسْتَبِيْنَ : بیان، مبیّنہ طور پر، دلیل بیّن۔
- هَدَيْنٰهُمَا : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
- الصِّرَاطَ : صراط مستقیم، پل صراط۔
- الْمُسْتَقِيْمَ : صراط مستقیم، خط مستقیم، استقامت۔
- تَرَكْنَا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، ترک تعلق۔

وَ	بٰرَكْنَا ①	عَلَيْهِ	وَ	عَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ	وَ
اور	ہم نے برکت نازل کی	اس پر	اور	اسحاق پر	اور

مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا ②	مُحْسِنٌ ③④	وَّظَالِمٌ ④⑤	لِّنَفْسِهٖ ⑥
اُن دونوں کی اولاد میں سے	کوئی نیکی کرنے والا	اور کوئی ظلم کرنے والا	اپنے نفس پر

ع 3 39 7

مُّبِيْنٌ ﴿113﴾ ع	وَلَقَدْ	مَنَنَّا	عَلٰى مُوْسٰى	وَ	هٰرُوْنَ ﴿114﴾ ج
واضح	اور بلاشبہ یقیناً	ہم نے احسان کیا	موسیٰ پر	اور	ہارون (پر)

وَ	نَجَّيْنٰهُمَا ①②	وَقَوْمَهُمَا ②	مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿115﴾ ج
اور	ہم نے نجات دی ان دونوں کو	اور ان دونوں کی قوم کو	بہت بڑی مصیبت سے

وَ	نَصَرْنٰهُمْ ①	فَكَانُوْا	هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿116﴾ ج	وَ
اور	ہم نے مدد کی ان کی	تو تھے وہ سب	وہی سب غلبہ حاصل کرنے والے	اور

اٰتَيْنٰهُمَا ①②	الْكِتٰبَ ⑦	الْمُسْتَبِيْنَ ﴿117﴾ ج	وَ	هَدَيْنٰهُمَا ①②
ہم نے دی ان دونوں کو	کتاب	واضح	اور	ہم نے ہدایت دی ان دونوں کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿118﴾ ج	وَ	تَرَكْنَا ①	عَلَيْهِمَا ②
سیدھے راستے کی	اور	ہم نے (باقی) چھوڑا	ان دونوں پر

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② هُمَا یا هِمَا میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑤ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی پر بھی کیا جاتا ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿119﴾	پیچھے آنے والوں میں۔ ﴿119﴾
سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿120﴾	(کہ) موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو۔ ﴿120﴾
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي	بے شک ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿121﴾ اِنَّهُمَا	نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿121﴾ بے شک وہ دونوں
مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿122﴾	ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ ﴿122﴾
وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾	اور بیشک الیاس یقیناً رسولوں میں سے تھا۔ ﴿123﴾
اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾	جب اس نے کہا اپنی قوم سے کیا تم ڈرتے نہیں ہو ﴿124﴾
اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّ تَذَرُوْنَ	کیا تم بعل (بت) کو پکارتے ہو اور تم چھوڑ دیتے ہو
اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿125﴾	پیدا کرنے والوں میں سب سے بہتر کو۔ ﴿125﴾
اللّٰهَ رَبَّكُمْ	یعنی اللہ کو (جو) تمہارا رب ہے
وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿126﴾	اور تمہارے پہلے آباء واجداد کا رب ہے۔ ﴿126﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ	تو انہوں نے جھٹلا دیا اسے، سو یقیناً وہ سب

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

عَلَيْهِمَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	قَالَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔
الْاٰخِرِيْنَ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔	لِقَوْمِهٖٓ	قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
كَذٰلِكَ	کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔	تَدْعُوْنَ	دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
نَجْزِي	جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔	اَحْسَنَ	احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
الْمُحْسِنِيْنَ	احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔	الْخَالِقِيْنَ	خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
عِبَادِنَا	عبد، عابد، عباد الرحمن۔	اٰبَآئِكُمُ	آباؤاجداد، آبائی علاقہ۔
الْمُؤْمِنِيْنَ	ایمان، مومن، امن۔	الْاَوَّلِيْنَ	اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ۔
الْمُرْسَلِيْنَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	فَكَذَّبُوْهُ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔

فِی الْاٰخِرِیْنَ ۖ ﴿119﴾	سَلٰمٌ	عَلٰی مُوْسٰی	وَ	هٰرُوْنَ ﴿120﴾
پیچھے آنے والوں میں	سلام (ہو)	موسیٰ پر	اور	ہارون (پر)

اِنَّا ①	كَذٰلِكَ	نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ ﴿121﴾ ②
بے شک ہم	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)

اِنَّهُمَا ③	مِنْ عِبَادِنَا ④	الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿122﴾ ②	وَ	اِنَّ ⑤
بے شک وہ دونوں	ہمارے بندوں میں سے	سب ایمان لانے والے (تھے)	اور	بیشک

اِلْیَاسَ	لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ط ﴿123﴾	اِذْ	قَالَ	لِقَوْمِهٖٓ ⑥
الیاس	یقیناً رسولوں میں سے (تھا)	جب	اس نے کہا	اپنی قوم سے

اَلَا	تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾	اَ	تَدْعُوْنَ	بَعْلًا	وَّ
کیا نہیں	تم سب ڈرتے	کیا	تم سب پکارتے ہو	بعل (بت کو)	اور

تَذَرُوْنَ	اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ ۙ ﴿125﴾ ⑦	اللّٰهَ	رَبَّكُمْ ⑧
تم سب چھوڑ دیتے ہو	پیدا کرنے والوں میں سب سے بہتر	اللہ کو	(جو) تمہارا رب ہے

وَرَبَّ	اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ﴿126﴾ ⑧	فَكَذَّبُوْهُ	فَاِنَّهُمْ
اور رب (ہے)	تمہارے پہلے آباء واجداد کا	تو انہوں نے جھٹلا دیا اُسے	سو یقیناً وہ سب

ضروری وضاحت

①اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ②اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ③هُمَا میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا، یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑤اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑥قَالَ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔ ⑦اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑧كُمْ کا ترجمہ اسم کے آخر میں تمہارا اور فعل کے آخر میں تمہیں کیا جاتا ہے۔

لَمُحْضَرُوْنَ ﴿127﴾	ضرور حاضر کیے جانے والے ہیں۔ ﴿127﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	سوائے اللہ کے (ان) بندوں کے
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿128﴾	(جو) خالص (چُنے) ہوئے ہیں۔ ﴿128﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ	اور ہم نے (باقی) چھوڑا اس پر (یعنی اس کا ذکر خیر)
فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿129﴾	پیچھے آنے والوں میں۔ ﴿129﴾
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿130﴾ اِنَّا	(کہ) سلام ہو الیاسین پر۔ ﴿130﴾ بے شک ہم
كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿131﴾	اسی طرح بدلہ دیتے ہیں نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿131﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿132﴾	بلاشبہ وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔ ﴿132﴾
وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿133﴾	اور بیشک لوط (بھی) یقیناً رسولوں میں تھا۔
اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ	جب ہم نے نجات دی اسے اور اس کے گھر والوں
اَجْمَعِيْنَ ﴿134﴾ اِلَّا عَجُوْزًا	سب کو۔ ﴿134﴾ سوائے ایک بڑھیا کے
فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿135﴾	(جو) پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔ ﴿135﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَمُحْضَرُوْنَ : حاضر، حاضری، استحضار۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
عِبَادَ : عبد، عابد، عبادالرحمن۔
الْمُخْلَصِيْنَ : خالص، خلوص، مخلص۔
تَرَكْنَا : ترک، ترکہ، مال متروکہ، ترک تعلق۔
الْاٰخِرِيْنَ : آخرت، یوم آخرت، آخری۔
عَلٰٓى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔

نَجْزِي : جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسن جزا، حسن، احسان، محسن۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔
الْمُرْسَلِيْنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
نَجَّيْنٰهُ : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔
اَجْمَعِيْنَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
عَجُوْزًا : عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔

لَمُحۡضَرُوۡنَ ① ۙ﴿127﴾	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ
ضرور سب حاضر کیے جانے والے (ہیں)	سوائے	اللہ کے (ان) بندوں کے

الۡمُخۡلَصِیۡنَ ① ﴿128﴾	وَ	تَرَكۡنَا ②	عَلَيۡهِ
سب چُنے ہوئے (ہیں)	اور	ہم نے (باقی) چھوڑا	اس پر

فِی الۡاٰخِرِیۡنَ ۙ﴿129﴾	سَلٰمٌ	عَلٰۤی اِلۡ یَاسِیۡنَ ③ ﴿130﴾
پیچھے آنے والوں میں	سلام (ہو)	الیاس پر

اِنَّا ④	كَذٰلِكَ	نَجۡزِی	الۡمُحۡسِنِیۡنَ ① ﴿131﴾	اِنَّهٗ
بے شک ہم	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں (کو)	بلاشبہ وہ

مِنۡ عِبَادِنَا	الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ① ﴿132﴾	وَ	اِنَّ ⑤	لُوۡطًا
ہمارے بندوں میں سے	ایمان لانے والے (تھے)	اور	بے شک	لوط

لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ⑤ ؕ﴿133﴾	اِذۡ نَجَّیۡنٰهُ ② ⑥	وَاَهۡلَهٗۤ
یقیناً رسولوں میں سے (تھے)	جب ہم نے نجات دی اسے	اور اس کے گھر والوں (کو)

اَجۡمَعِیۡنَ ۙ﴿134﴾	اِلَّا	عَجُوۡزًا	فِی الۡغٰبِرِیۡنَ ﴿135﴾
سب کے سب کو	سوائے	ایک بڑھیا (کے)	(جو) پیچھے رہ جانے والوں میں سے (تھی)

ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ③ اِلۡیَاسِیۡنَ حضرت الیاس علیہ السلام کا ایک تلفظ ہے جیسے طور سینا کو طور سینین کہا گیا ہے۔ ④ اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ⑤ اِنَّ اور لَ دونوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔
⑥ اِذۡ اور اِذَا کا ترجمہ جب ہے اِذۡ عموماً ماضی کے لیے اور اِذَا عموماً مستقبل کے لیے استعمال ہوتا ہے

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِیْنَ ﴿136﴾	پھر ہم نے ہلاک کر دیا دوسروں کو۔ ﴿136﴾
وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ	اور بے شک تم یقیناً گزرتے ہو
عَلَیْهِمْ مُّصْبِحِیْنَ ﴿137﴾	ان (کے گھروں) پر سے صبح جاتے ہوئے۔ ﴿137﴾
وَبِالَّیْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿138﴾	اور رات کو، تو کیا تم سمجھتے نہیں۔ ﴿138﴾
وَاِنَّ یُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿139﴾	اور بیشک یونس بھی یقیناً رسولوں میں سے تھا۔ ﴿139﴾
اِذْ اَبَقَ اِلَی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿140﴾	جب وہ بھاگ کر گیا بھری ہوئی کشتی کی طرف۔ ﴿140﴾
فَسَاهَمَ فَكَانَ	پھر قرعہ میں شریک ہوا تو وہ ہو گیا
مِنَ الْمُدْحَضِیْنَ ﴿141﴾	ہارنے والوں میں سے۔ ﴿141﴾
فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ	پھر مچھلی نے اُسے نگل لیا اس حال میں کہ وہ
مُلِیْمٌ ﴿142﴾	(خود کو) ملامت کرنے والا تھا۔ ﴿142﴾
فَلَوْلَاۤ اَنَّهٗ كَانَ	پھر اگر نہ (ایسا ہوتا) کہ بے شک وہ تھا
مِنَ الْمُسَبِّحِیْنَ ﴿143﴾	تسبیح کرنے والوں میں سے۔ ﴿143﴾

ع 4 25 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْاٰخَرِیْنَ	آخرت، یوم آخرت، آخری۔	لَمِنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
عَلَیْهِمْ	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	الْمُرْسَلِیْنَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
مُّصْبِحِیْنَ	صبح، علی الصبح، صبح صادق۔	اِلَی	مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	فَسَاهَمَ	سہم، سہیم وشریک۔
بِالَّیْلِ	لیل ونہار، لیلۃ القدر۔	مُلِیْمٌ	ملامت۔
اَفَلَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	الْمُسَبِّحِیْنَ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
تَعْقِلُوْنَ	عقل، عاقل، معقول۔		

ثُمَّ	دَمَّرْنَا ①	الْاٰخَرِيْنَ ﴿136﴾	وَ	اِنَّكُمْ ②
پھر	ہم نے ہلاک کر دیا	دوسروں کو	اور	بے شک تم

لَتَمُرُّوْنَ ②	عَلَيْهِمْ	مُّصْبِحِيْنَ ③ ﴿137﴾ لا	وَ	بِالَّيْلِ ④ ط
یقیناً تم سب گزرتے ہو	ان (کے گھروں) پر (سے)	صبح کرتے ہوئے	اور	رات کو

ع 4 25 8

اَفَلَا ⑤	تَعْقِلُوْنَ ﴿138﴾ ع	وَ	اِنَّ ②	يُوْنُسَ
تو کیا نہیں	تم سب سمجھتے	اور	بیشک	یونس

لَمِنَ ② الْمُرْسَلِيْنَ ﴿139﴾ ط	اِذْ	اَبَقَ	اِلَى الْفُلْكِ	الْمَشْحُوْنِ ⑥ ﴿140﴾ لا
یقیناً رسولوں میں سے (تھا)	جب	بھاگ کر گیا	کشتی کی طرف	بھری ہوئی

فَسَاهَمَ	فَكَانَ ⑦	مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿141﴾ ج	فَالْتَقَمَهُ
پھر قرعہ میں شریک ہوا	تو وہ ہو گیا	ہارنے والوں میں سے	پھر نگل لیا اُسے

الْحُوْتُ	وَ	هُوَ	مُلِيْمٌ ﴿142﴾	فَلَوْلَآ ⑧
مچھلی نے	اس حال میں کہ	وہ	(خود کو) ملامت کرنے والا تھا	پھر اگر نہ (ایسا ہوتا)

اَنَّهٗ	كَانَ	مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ③ ﴿143﴾ لا
کہ بے شک وہ	تھا	تسبیح کرنے والوں میں سے

ضروری وضاحت

① نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② اِنَّ اور لَ دونوں میں تاکید کا مفہوم ہے۔③ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑤ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا ہوا کا مفہوم ہے۔⑦ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو گیا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑧ لَوْلَا کے بعد فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ اگر نہ ہوتا ہے۔

النصف

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ	(تو) یقیناً وہ رہتا اسکے پیٹ میں اس دن تک (جس میں)
يُبْعَثُوْنَ ﴿144﴾	لوگ زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے۔ ﴿144﴾
فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ	پھر ہم نے پھینک دیا اسے چٹیل میدان میں
وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿145﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ	جبکہ وہ بیمار تھا۔ ﴿145﴾ اور ہم نے اگا دیا اس پر
شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿146﴾	ایک درخت (پودہ) بیل دار۔ ﴿146﴾
وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ	اور ہم نے بھیجا اسے ایک لاکھ یا (اس سے بھی)
يَزِيْدُوْنَ ﴿147﴾ فَاٰمَنُوْا	وہ زیادہ ہونگے۔ ﴿147﴾ پس وہ ایمان لے آئے
فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿148﴾	تو ہم نے انہیں فائدہ دیا ایک وقت (مقرر) تک
فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ	سو آپ پوچھیے ان سے کیا آپ کے رب کے لیے
الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿149﴾	(تو) بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے۔ ﴿149﴾
اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا	یا ہم نے پیدا کیا فرشتوں کو مؤنث
وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿150﴾	اور وہ (اس وقت) موجود تھے۔ ﴿150﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِيْ	: فی الحال، اظہار مافی الضمیر، فی الحقیقت۔	فَمَتَّعْنٰهُمْ	: متاع کارواں، مال ومتاع۔
بَطْنِهٖٓ	: بطنِ مادر۔	فَاسْتَفْتِهِمْ	: فتویٰ، مفتی، دارالافتاء، استفتاء۔
يُبْعَثُوْنَ	: بعث بعدالموت، بعثت، مبعوث۔	الْبَنَاتُ	: بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات جامعہ۔
سَقِيْمٌ	: سُقم، سقیم، سقیم الحال (کمزور، مریض)۔	الْبَنُوْنَ	: ابنائے جامعہ، عیسٰی ابن مریم، ابن عمر۔
اَنْۢبَتْنَا	: نباتات وجمادات۔	خَلَقْنَا	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
شَجَرَةً	: حجروشجر، شجرکاری مہم، شجرممنوعہ۔	الْمَلٰٓئِكَةَ	: ملک الموت، ملائکہ۔
اَرْسَلْنٰهُ	: رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔	اِنَاثًا	: مؤنث ومذکر، تذکیروتانیث۔
يَزِيْدُوْنَ	: زیادہ، مزید، زائد۔	شٰهِدُوْنَ	: شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔

لَلَبِثَ	فِيْ بَطْنِهٖٓ	اِلٰى يَوْمِ	يُبْعَثُوْنَ ① (144) ج النصف
(تو) یقیناً وہ رہتا	اسکے پیٹ میں	اس دن تک (جس میں)	وہ سب زندہ کرکے اُٹھائے جائیں گے

فَنَبَذْنٰهُ ②	بِالْعَرَآءِ ③	وَ	هُوَ	سَقِيْمٌ (145) ج	وَ
پھر ہم نے پھینک دیا اسے	چٹیل میدان میں	جبکہ	وہ	بیمار (تھا)	اور

اَنْۢبَتْنَا	عَلَيْهِ	شَجَرَةً ④⑤	مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ⑥ (146) ج	وَ	اَرْسَلْنٰهُ
ہم نے اگا دیا	اس پر	ایک درخت (پودہ)	بیل دار	اور	ہم نے بھیجا اسے

اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ ④	اَوْ يَزِيْدُوْنَ (147) ج	فَاٰمَنُوْا	فَمَتَّعْنٰهُمْ ⑦
سو ہزار (ایک لاکھ) کی طرف	یا وہ سب زیادہ ہونگے	پس وہ سب ایمان لے آئے	تو ہم نے فائدہ دیا انہیں

اِلٰى حِيْنٍ ⑤ (148) ط	فَاسْتَفْتِهِمْ	اَ	لِرَبِّكَ	الْبَنَاتُ ④
ایک وقت (مقرر) تک	سو آپ پوچھیے ان سے	کیا	آپکے رب کے لیے	(تو) بیٹیاں (ہیں)

وَ	لَهُمُ	الْبَنُوْنَ (149) لا	اَمْ	خَلَقْنَا
اور	ان کے لیے	سب بیٹے	یا	ہم نے پیدا کیا

الْمَلٰٓئِكَةَ ⑧	اِنَاثًا	وَّ	هُمْ	شٰهِدُوْنَ (150)
فرشتوں (کو)	مؤنث	اور	وہ	سب موجود (تھے)

ضروری وضاحت

①اگر یٖ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے اور ہٗ سے پہلے اگر الف ہو تو یہ ہُ ہو جاتا ہے۔③ یہاں بِ کا ترجمہ ضرورتاً میں کیا گیا ہے۔④ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ ھُمْ یا ھِمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔⑧ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

اَلَآ اِنَّهُمۡ مِّنۡ اِفۡكِهِمۡ	خبردار بے شک وہ اپنے جھوٹ ہی سے
لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿151﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ	یقیناً کہتے ہیں۔ ﴿151﴾ (کہ) اللہ نے اولاد جنی
وَ اِنَّهُمۡ لَـكٰذِبُوۡنَ ﴿152﴾	اور بے شک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ ﴿152﴾
اَصۡطَفَى الۡبَنَاتِ عَلَى الۡبَنِيۡنَ ﴿153﴾	کیا اس نے پسند کیا (ترجیح دی) بیٹیوں کو بیٹوں پر۔ ﴿153﴾
مَا لَـكُمۡ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ ﴿154﴾	کیا ہے تم کو؟ تم کیسا فیصلہ کر رہے ہو۔ ﴿154﴾
اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿155﴾	تو کیا تم غور نہیں کرتے۔ ﴿155﴾
اَمۡ لَـكُمۡ سُلۡطٰنٌ مُّبِيۡنٌ ﴿156﴾	یا تمہارے پاس کوئی واضح دلیل ہے۔ ﴿156﴾
فَاۡتُوۡا بِكِتٰبِكُمۡ	تو لاؤ اپنی کتاب
اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿157﴾ وَجَعَلُوۡا	اگر ہو تم سچے۔ ﴿157﴾ اور انہوں نے بنا دی
بَيۡنَهٗ وَبَيۡنَ الۡجِنَّةِ	اس (اللہ) کے درمیان اور جنوں کے درمیان
نَسَبًا ؕ وَلَقَدۡ عَلِمَتِ الۡجِنَّةُ	رشتہ داری، اور بلا شبہ یقیناً جنوں نے جان لیا کہ
اِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ ﴿158﴾	بے شک وہ ضرور حاضر کیے جانے والے ہیں۔ ﴿158﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَيَقُوۡلُوۡنَ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	سُلۡطٰنٌ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطانیت۔
وَلَدَ : ولادت، ولد، اولاد، مولود۔	مُّبِيۡنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَـكٰذِبُوۡنَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	صٰدِقِيۡنَ : صداقت، صدق دل، صادق و امین۔
الۡبَنَاتِ : بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات جامعہ۔	بَيۡنَهٗ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
الۡبَنِيۡنَ : ابنائے جامعہ، عیسٰی ابن مریم، ابن عمر۔	الۡجِنَّةِ : جن، جنات، جن و انس۔
كَيۡفَ : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔	نَسَبًا : نسبت، نسب نامہ، سلسلہ نسب۔
تَحۡكُمُوۡنَ : محکمہ، حکم، تحکیم۔	عَلِمَتِ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
تَذَكَّرُوۡنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	لَمُحۡضَرُوۡنَ : حاضر، حاضری، استحضار۔

اَلَآ ①	اِنَّهُمْ	مِّنْ اِفْكِهِمْ ②	لَيَقُوْلُوْنَ ﴿151﴾ ۙ
خبردار	بے شک وہ	اپنے جھوٹ (ہی) سے	یقیناً وہ سب کہتے ہیں

وَلَدَ اللّٰهُ ۙ	وَ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ ﴿152﴾	اَصْطَفَى ③
(کہ) اللہ نے اولاد جنی	اور	بے شک وہ	یقیناً سب جھوٹے ہیں	کیا اس نے پسند کیا

الْبَنَاتِ	عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿153﴾ ؕ	مَا	لَكُمْ ④ قف	كَيْفَ	تَحْكُمُوْنَ ﴿154﴾
بیٹیوں (کو)	بیٹوں پر	کیا (ہے)	تم کو؟	کیسے	تم سب فیصلہ کر رہے ہو

اَفَلَا ⑤	تَذَكَّرُوْنَ ﴿155﴾ ⑥ ج	اَمْ	لَكُمْ	سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿156﴾ ۙ
تو کیا نہیں	تم سب غور کرتے	یا	تمہارے پاس	کوئی واضح دلیل (ہے)

فَاْتُوْا	بِكِتٰبِكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿157﴾	وَ
تو تم سب لاؤ	اپنی کتاب کو	اگر	ہو تم	سب سچے	اور

جَعَلُوْا	بَيْنَهٗ	وَ	بَيْنَ الْجِنَّةِ	نَسَبًا ؕ	وَ
انہوں نے بنادی	اس (اللہ) کے درمیان	اور	جنوں کے درمیان	رشتہ داری	اور

لَقَدْ	عَلِمَتِ ⑦	الْجِنَّةُ	اِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ ﴿158﴾ ⑧ ۙ
بلاشبہ یقیناً	جان لیا	جنوں نے	کہ بیشک وہ	ضرور سب حاضر کیے جانے والے (ہیں)

ضروری وضاحت

① اَلَآ حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار ہوتا ہے۔② هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔
③ یہ دراصل اَاِصْطَفٰی تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِ گرایا گیا ہے۔④ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ
استعمال ہوا ہے۔⑤ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم
ہے۔⑦ یہاں تْ کو اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔⑧ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہے۔

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ ۙ﴿159﴾	پاک ہے اللہ ان (باتوں) سے جو وہ بیان کرتے ہیں ﴿159﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ	سوائے اللہ کے (ان) بندوں کے
الۡمُخۡلَصِیۡنَ ﴿160﴾	(جو) خالص کیے (چُنے) ہوئے ہیں۔ ﴿160﴾
فَاِنَّکُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿161﴾	پس بیشک تم اور (وہ) جن کی تم عبادت کرتے ہو ﴿161﴾
مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَیۡهِ بِفٰتِنِیۡنَ ۙ﴿162﴾	نہیں ہو تم اس پر (یعنی اللہ کے خلاف) ہرگز بہکانے والے ﴿162﴾
اِلَّا مَنۡ هُوَ صَالِ	مگر (اسے) جو داخل ہونے والا ہے
الۡجَحِیۡمِ ﴿163﴾	بھڑکتی آگ میں۔ ﴿163﴾
وَمَا مِنَّاۤ	اور نہیں ہے ہم (فرشتوں) میں سے (کوئی)
اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعۡلُوۡمٌ ۙ﴿164﴾	مگر اس کے لیے ایک مقام مقرر ہے۔ ﴿164﴾
وَّ اِنَّا لَنَحۡنُ	اور بے شک ہم یقیناً
الصَّآفُّوۡنَ ۚ﴿165﴾	صف باندھے کھڑے رہنے والے ہیں۔ ﴿165﴾
وَ اِنَّا لَنَحۡنُ الۡمُسَبِّحُوۡنَ ﴿166﴾	اور بے شک ہم یقیناً تسبیح کرنے والے ہیں۔ ﴿166﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

سُبۡحٰنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
عَمَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
یَصِفُوۡنَ : وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔
اِلَّا : اِلَّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
عِبَادَ : عبد، عابد، عباد الرحمن۔
الۡمُخۡلَصِیۡنَ : خالص، خلوص، مخلص۔
تَعۡبُدُوۡنَ : معبود، عبادت، عبادت گاہ۔
صَالِ : وصل، وصول، واصل جہنم، وصال۔

وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مِنَّاۤ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
مَقَامٌ : مقام ومرتبہ، مقام محمود، اعلیٰ مقام۔
مَّعۡلُوۡمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
الصَّآفُّوۡنَ : صف بندی، صف اوّل۔
الۡمُسَبِّحُوۡنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔

سُبۡحٰنَ اللّٰهِ	عَمَّا ①	يَصِفُوۡنَ ۙ (159)	اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ
پاک ہے اللہ	(اُن باتوں) سے جو	وہ سب بیان کرتے ہیں	سوائے اللہ کے (ان) بندوں کے

الۡمُخۡلَصِيۡنَ ② (160)	فَاِنَّكُمۡ	وَمَا	تَعۡبُدُوۡنَ ۙ (161)
(جو) سب خالص کیے ہوئے	پس بے شک تم	اور جن کی	تم سب عبادت کرتے ہو

مَاۤ	اَنۡتُمۡ	عَلَيۡهِ	بِفٰتِنِيۡنَ ③ ۙ (162)	اِلَّا
نہیں (ہو)	تم	اس پر (یعنی اللہ کے خلاف)	ہرگز سب بہکانے والے	مگر

مَنۡ	هُوَ ④	صَالِ ⑤	الۡجَحِيۡمِ (163)	وَمَا
(اسے) جو	وہ	داخل ہونے والا	بھڑکتی آگ (میں)	اور نہیں

مِنَّاۤ	اِلَّا	لَهٗ	مَقَامٌ ⑥	مَّعۡلُوۡمٌ ۙ (164)
ہم میں سے	مگر	اس کے لیے	ایک مقام	مقرر

وَّ	اِنَّا ⑦	لَنَحۡنُ ⑧	الصَّآفُّوۡنَ ۚ (165)
اور	بے شک ہم	یقیناً ہم	سب صف باندھے کھڑے رہنے والے

وَ	اِنَّا ⑦	لَنَحۡنُ	الۡمُسَبِّحُوۡنَ ⑨ (166)
اور	بے شک ہم	یقیناً ہم	سب تسبیح کرنے والے ہیں

ضروری وضاحت

① عَمَّا دراصل عَنۡ + مَا مجموعہ ہے۔ ② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا اور اگر زیر ہو تو کرنے والے مفہوم ہوتا ہے۔ ③ مَا کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ هُوَ واحد مذکر کی اور هِيَ واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ⑤ صَالِ اصل میں فَاعِلٌ کے وزن میں صَالِيٌ تھا گرامر کے اصول کے مطابق يْ کو گرا گیا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑦ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ⑧ لَ تاکید کی علامت ہے۔

وَاِنۡ كَانُوۡا لَيَقُوۡلُوۡنَ ۙ﴿۱۶۷﴾	اور بے شک وہ (کفار) یقیناً کہا کرتے تھے۔﴿167﴾
لَوۡ اَنَّ عِنۡدَنَا	اگر بے شک ہمارے پاس ہوتی
ذِكۡرًا مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ ۙ﴿۱۶۸﴾	پہلے لوگوں کی کوئی نصیحت (کتاب)۔﴿168﴾
لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۶۹﴾	(تو) ضرور ہم ہوتے اللہ کے چنے ہوئے بندے۔﴿169﴾
فَكَفَرُوۡا بِهٖ	تو (اب) انہوں نے انکار کر دیا اس کا
فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۷۰﴾	سو جلد ہی وہ جان لیں گے۔﴿170﴾
وَلَقَدۡ سَبَقَتۡ كَلِمَتُنَا	اور بلاشبہ یقیناً پہلے طے ہو چکی ہماری بات
لِعِبَادِنَا الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۖۚ﴿۱۷۱﴾	ہمارے بھیجے ہوئے بندوں (یعنی رسولوں) کے لیے۔﴿171﴾
اِنَّهُمۡ لَهُمُ الۡمَنۡصُوۡرُوۡنَ ﴿۱۷۲﴾	(کہ) بلاشبہ یقیناً وہی مدد کیے جانے والے ہیں﴿172﴾
وَاِنَّ جُنۡدَنَا	اور بے شک ہمارا لشکر
لَهُمُ الۡغٰلِبُوۡنَ ﴿۱۷۳﴾	یقیناً وہی غالب ہونے والا ہے۔﴿173﴾
فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتّٰى حِيۡنٍ ۙ﴿۱۷۴﴾	سو آپ منہ موڑ لیجیے ان سے ایک وقت تک۔﴿174﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَيَقُوۡلُوۡنَ	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	سَبَقَتۡ	سبقت، سابقہ، حسب سابق۔
عِنۡدَنَا	عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں۔	كَلِمَتُنَا	کلمہ طیبہ، کلام، مکالمہ۔
ذِكۡرًا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	لِعِبَادِنَا	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
الۡاَوَّلِيۡنَ	اوّل درجہ، اوّل انعام یافتہ۔	لِعِبَادِنَا	عبد، عابد، عبادالرحمن۔
عِبَادَ	عبد، عابد، عبادالرحمن۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
الۡمُخۡلَصِيۡنَ	خالص، خلوص، مخلص۔	الۡمَنۡصُوۡرُوۡنَ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
فَكَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	الۡغٰلِبُوۡنَ	غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔
يَعۡلَمُوۡنَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔	حَتّٰى	حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔

وَ اِنْ ①	كَانُوْا	لَيَقُوْلُوْنَ ﴿167﴾ لا	لَوْ ②	اَنَّ
اور بے شک	وہ سب (کفار) تھے	یقیناً وہ سب کہا کرتے	اگر	بے شک

عِنْدَنَا	ذِكْرًا ③	مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿168﴾ لا	لَكُنَّا
ہمارے پاس (ہوتی)	کوئی نصیحت (کتاب)	پہلے لوگوں کی	(تو) ضرور ہم ہوتے

عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ ④ ﴿169﴾	فَكَفَرُوْا	بِهٖ
اللہ کے بندے	سب چنے ہوئے	تو (اب) انہوں نے انکار کردیا	اس کا

فَسَوْفَ ⑤	يَعْلَمُوْنَ ﴿170﴾	وَلَقَدْ	سَبَقَتْ ⑥
سو جلد ہی	وہ سب جان لیں گے	اور بلاشبہ یقیناً	پہلے طے ہوچکی

كَلِمَتُنَا ⑦	لِعِبَادِنَا ⑦	الْمُرْسَلِيْنَ ④ ﴿171﴾ صلے	اِنَّهُمْ	لَهُمُ
ہماری بات	ہمارے بندوں کے لیے	بھیجے ہوئے	(کہ) بلاشبہ وہ	یقیناً وہی

الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿172﴾ ص	وَ	اِنَّ	جُنْدَنَا ⑦	لَهُمُ
سب مدد کیے جانے والے (ہیں)	اور	بے شک	ہمارا لشکر	یقیناً وہی

الْغٰلِبُوْنَ ﴿173﴾	فَتَوَلَّ ⑧	عَنْهُمْ	حَتّٰى حِيْنٍ ③ ﴿174﴾ لا
غالب ہونے والا ہے	سو آپ منہ موڑ لیجیے	ان سے	ایک وقت تک

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اِنَّ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے اِنْ استعمال ہوا ہے۔②لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔④شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا گیا ہوا یا کیا جانے والے کا مفہوم ہے۔⑤سَوْفَ کا ترجمہ عنقریب یا جلدی کیا جاتا ہے یہ عموماً مستقبل بعید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑥تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑧تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

وَّ اَبۡصِرۡهُمۡ	اور آپ دیکھیے انہیں
فَسَوۡفَ يُبۡصِرُوۡنَ ﴿175﴾	پس عنقریب وہ بھی دیکھ لیں گے۔ ﴿175﴾
اَفَبِعَذَابِنَا يَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ﴿176﴾	تو (بھلا) کیا ہمارا عذاب وہ جلدی مانگتے ہیں۔ ﴿176﴾
فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمۡ	پھر جب وہ نازل ہوگا ان کے صحن میں
فَسَآءَ صَبَاحُ الۡمُنۡذَرِيۡنَ ﴿177﴾	تو بری ہوگی ڈرائے جانے والوں کی صبح۔ ﴿177﴾
وَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتّٰى حِيۡنٍ ۙ﴿178﴾	اور آپ منہ موڑ لیں ان سے ایک وقت تک۔ ﴿178﴾
وَّاَبۡصِرۡ فَسَوۡفَ يُبۡصِرُوۡنَ ﴿179﴾	اور دیکھیں پس عنقریب وہ (بھی) دیکھ لیں گے۔ ﴿179﴾
سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ	پاک ہے آپ کا رب عزت کا رب (مالک)
عَمَّا يَصِفُوۡنَ ۚ﴿180﴾	(ان باتوں) سے جو وہ (مشرک) بیان کرتے ہیں۔ ﴿180﴾
وَسَلٰمٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۚ﴿181﴾	اور سلام ہے (تمام) رسولوں پر۔ ﴿181﴾
وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ	اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے
رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿182﴾ ع	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔ ﴿182﴾

ع 5 44 9

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : شان وشوکت، سحر وافطار، لوح وقلم۔	حَتّٰى : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
اَبۡصِرۡهُمۡ : سمع وبصر، بصارت، علٰی وجہ البصیرت۔	سُبۡحٰنَ : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
فَبِعَذَابِنَا : عذاب، عذابِ الیم، عذابِ آخرت۔	عَمَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يَسۡتَعۡجِلُوۡنَ : عجلت، مہرِ معجّل۔	يَصِفُوۡنَ : وصف، موصوف، توصیف، اوصاف۔
نَزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
فَسَآءَ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءِ ظن۔	الۡمُرۡسَلِيۡنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
صَبَاحُ : صبح، علی الصبح، صبح صادق۔	الۡحَمۡدُ : حمد وثناء، حامد، محمود، حماد، حمید۔
الۡمُنۡذَرِيۡنَ : بشارت وانذار، نذیر۔	الۡعٰلَمِيۡنَ : الہ العالمین، رحمۃ للعلمین، اقوام عالم۔

وَ①	اَبْصِرْهُمْ	فَسَوْفَ②	يُبْصِرُوْنَ ﴿175﴾
اور	دیکھیے انہیں	پس عنقریب	وہ سب دیکھ لیں گے

اَفَبِعَذَابِنَا②	يَسْتَعْجِلُوْنَ③ ﴿176﴾	فَاِذَا②	نَزَلَ
تو (بھلا) کیا ہمارا عذاب	وہ سب جلدی مانگتے ہیں	پھر جب	وہ نازل ہوگا

بِسَاحَتِهِمْ④	فَسَآءَ②	صَبَاحُ	الْمُنْذَرِيْنَ ﴿177﴾
ان کے صحن میں	تو بری ہوگی	صبح	سب ڈرائے جانے والوں کی

وَ①	تَوَلَّ⑤	عَنْهُمْ	حَتّٰى حِيْنٍ⑥ ﴿178﴾ لا	وَّ①	اَبْصِرْ
اور	آپ منہ موڑ لیں	ان سے	ایک وقت تک	اور	آپ دیکھیں

فَسَوْفَ	يُبْصِرُوْنَ ﴿179﴾	سُبْحٰنَ	رَبِّكَ	رَبِّ الْعِزَّةِ⑦
پس عنقریب	وہ سب دیکھ لیں گے	پاک (ہے)	آپ کا رب	عزت کا رب

عَمَّا⑧	يَصِفُوْنَ ﴿180﴾ ج	وَسَلٰمٌ①	عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿181﴾ ج
(اُن باتوں) سے جو	وہ سب بیان کرتے ہیں	اور سلام (ہے)	تمام رسولوں پر

ع 5/44/9

وَ①	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿182﴾ ع
اور	(سب) تعریف	اللہ کے لیے	(جو) تمام جہانوں کا رب (ہے)۔

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور ہے، کبھی حالانکہ، جبکہ یا قسم بھی ہوتا ہے۔② فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔③ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اگر اس کے شروع میں یَ تَ وغیرہ ہو تو اَ گر جاتا ہے۔④ یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑤ علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑧ عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔

ایاتُھا 88 | 38 سُوْرَۃُ صٓ مَکِّیَّۃٌ 38 | رُکُوْعَاتُھَا 5

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صٓ وَ الۡقُرۡاٰنِ ذِی الذِّکۡرِ ؕ﴿1﴾	صٓ ، قسم ہے نصیحت والے قرآن کی ۔ ﴿1﴾
بَلِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا	بلکہ (وہ لوگ) جنہوں نے کفر کیا
فِیۡ عِزَّۃٍ وَّ شِقَاقٍ ﴿2﴾	(وہ) تکبر اور مخالفت میں (پڑے ہوئے) ہیں ۔ ﴿2﴾
کَمۡ اَہۡلَکۡنَا مِنۡ قَبۡلِہِمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ	کتنی ہی قوموں کو ہم نے ہلاک کر دیا ان سے پہلے
فَنَادَوۡا وَّ لَاتَ حِیۡنَ مَنَاصٍ ﴿3﴾	تو انہوں نے پکارا اور نہیں تھا وہ وقت بچ نکلنے کا ۔ ﴿3﴾
وَ عَجِبُوۡۤا اَنۡ جَآءَہُمۡ	اور انہوں نے تعجب کیا (اس پر) کہ آیا ان کے پاس
مُّنۡذِرٌ مِّنۡہُمۡ ۫ وَ قَالَ الۡکٰفِرُوۡنَ	ایک ڈرانے والا انہیں میں سے اور کافروں نے کہا
ہٰذَا سٰحِرٌ کَذَّابٌ ۚ﴿4﴾	یہ انتہائی جھوٹا جادوگر ہے ۔ ﴿4﴾
اَجَعَلَ الۡاٰلِہَۃَ اِلٰـہًا وَّاحِدًا ۚۖ	کیا اس نے بنا دیا کئی معبودوں کو ایک معبود
اِنَّ ہٰذَا لَشَیۡءٌ عُجَابٌ ﴿5﴾	بے شک یہ یقیناً بڑی عجیب چیز ہے ۔ ﴿5﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ذِی	ذیشان، ذی وقار، ذی الحجہ۔	عَجِبُوۡۤا	عجب، عجیب، تعجب، عجائب گھر۔
الذِّکۡرِ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	مُّنۡذِرٌ	بشارت و انذار، نذیر۔
بَلِ	بلکہ۔	الۡکٰفِرُوۡنَ	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
کَفَرُوۡا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔	ہٰذَا	لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
اَہۡلَکۡنَا	ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔	سٰحِرٌ	سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
قَبۡلِہِمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	کَذَّابٌ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
قَرۡنٍ	قرون اولیٰ۔	الۡاٰلِہَۃَ	الہ العالمین، توحید الوہیت۔
فَنَادَوۡا	نداء، منادی، ندائے ملت۔	وَّاحِدًا	وحدت، جسد واحد، واحدانیت۔

ركوعاتها 5 — 38 سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ 38 — اٰياتها 88

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صٓ	وَ ①	الۡقُرۡاٰنِ	ذِی الذِّكۡرِ ② ۝1	بَلِ	الَّذِيۡنَ
ص	قسم ہے	قرآن (کی)	نصیحت والے	بلکہ	(وہ لوگ) جن

كَفَرُوۡا	فِیۡ عِزَّةٍ ③	وَّشِقَاقٍ ۝2	كَمۡ	اَهۡلَكۡنَا ④
سب نے کفر کیا	تکبر میں	اور مخالفت (میں)	کتنے	ہم نے ہلاک کر دیے

مِنۡ قَبۡلِهِمۡ	مِّنۡ قَرۡنٍ	فَنَادَوۡا	وَّلَاتَ ⑤	حِيۡنَ
ان سے پہلے	قوموں سے	تو انہوں نے پکارا	اور نہیں (تھا)	وہ وقت

مَنَاصٍ ۝3	وَعَجِبُوۡۤا	اَنۡ جَآءَهُمۡ	مُّنۡذِرٌ ⑥	مِّنۡهُمۡ
بچ نکلنے کا	اور اُن سب نے تعجب کیا	کہ آیا انکے پاس	ایک ڈرانے والا	انہی میں سے

وَقَالَ	الۡكٰفِرُوۡنَ	هٰذَا سٰحِرٌ	كَذَّابٌ ⑦ ۝4	اَ	جَعَلَ
اور کہا	کافروں نے	یہ جادوگر ہے	انتہائی جھوٹا	کیا	اس نے بنا دیا

الۡاٰلِهَةَ ⑧	اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ	اِنَّ هٰذَا	لَشَیۡءٌ	عُجَابٌ ۝5
کئی معبودوں کو	ایک معبود	بے شک یہ	یقیناً چیز (ہے)	بڑی عجیب

ضروری وضاحت

① وَ کا ترجمہ عموماً اور ہے، کبھی حالانکہ، قسم یا جبکہ بھی ہوتا ہے۔② ذِیۡ اور ذُوۡ واحد مذکر کی علامتیں ہیں اور ترجمہ والا کیا جاتا ہے۔
③ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑤ لَاتَ اصل
میں لَا ہے یہاں تَ کا اضافہ کیا گیا ہے۔⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔
⑦ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧ یہاں ة واحد مؤنث نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ	اور چل کھڑے ہوئے ان کے سردار (یہ کہتے ہوئے)
اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓی اٰلِهَتِكُمْ ۖ	کہ تم چلو اور ڈٹے رہو اپنے معبودوں پر
اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ	بے شک یہ یقیناً (ایسی) چیز ہے
یُّرَادُ ۖ ﴿6﴾	(کہ جس میں کسی غرض کا) ارادہ کیا جاتا ہے۔ ﴿6﴾
مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۖ	ہم نے نہیں سنا اس (بات) کو پچھلے دین میں
اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۖ ﴿7﴾	نہیں ہے یہ مگر گھڑی ہوئی بات۔ ﴿7﴾
ءَاُنْزِلَ عَلَیْهِ الذِّكْرُ	کیا اسی پر نصیحت نازل کی گئی ہے
مِنْۢ بَیْنِنَا ۭ	ہمارے درمیان میں سے
بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ	بلکہ وہ (تو) میری نصیحت سے شک میں ہیں
بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ ۭ ﴿8﴾	بلکہ انہوں نے ابھی تک نہیں چکھا (میرا) عذاب۔ ﴿8﴾
اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ	کیا اسکے پاس خزانے ہیں آپکے رب کی رحمت کے
الْعَزِیْزِ الْوَهَّابِ ۚ ﴿9﴾	(جو) نہایت غالب بہت عطا کرنے والا ہے۔ ﴿9﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اصْبِرُوْا	: صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔
یُّرَادُ	: ارادہ، مرید، مراد۔
سَمِعْنَا	: سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔
الْمِلَّةِ	: ملت ابراہیم، ملت اسلامیہ۔
الْاٰخِرَةِ	: اُخروی زندگی، اول و آخر، آخرت۔
هٰذَآ	: لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
اِلَّا	: اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل، اِلّا یہ کہ۔
اُنْزِلَ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الذِّكْرُ	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
بَیْنِنَا	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
شَكٍّ	: شک، بے شک، مشکوک، شک و شبہ۔
یَذُوْقُوْا	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ، ذوق۔
عِنْدَهُمْ	: عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔
خَزَآىِٕنُ	: خزانہ، خزانے، خزائن۔
رَحْمَةِ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
الْوَهَّابِ	: ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔

وَانْطَلَقَ	الْمَلَاُ	مِنْهُمْ	اَنِ ①	امْشُوْا ②	وَاصْبِرُوْا ②
اور چل کھڑے ہوئے	سردار	ان میں سے	کہ	تم سب چلو	اور تم سب ڈٹے رہو

عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ	اِنَّ	هٰذَا	لَشَيْءٌ	يُّرَادُ ③ ۚ ﴿6﴾
اپنے معبودوں پر	بے شک	یہ	یقیناً (ایسی) چیز (ہے)	ارادہ کیا جاتا ہے

مَا سَمِعْنَا	بِهٰذَا ④	فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ	اِنْ ⑤	هٰذَآ
نہیں ہم نے سنا	اس (بات) کو	پچھلے دین میں	نہیں ہے	یہ

اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۚ ﴿7﴾	ءَ	اُنْزِلَ ⑥	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	مِنْ بَيْنِنَا ط
مگر گھڑی ہوئی بات	کیا	نازل کی گئی ہے	اسی پر	نصیحت	ہمارے درمیان میں سے

بَلْ	هُمْ	فِيْ شَكٍّ	مِّنْ ذِكْرِيْ ج	بَلْ
بلکہ	وہ	(تو) شک میں (ہیں)	میری نصیحت سے	بلکہ

لَمَّا ⑦	يَذُوْقُوْا	عَذَابِ ﴿8﴾ ط	اَمْ	عِنْدَهُمْ
ابھی تک نہیں	اُن سب نے چکھا	میرا عذاب	کیا	اس کے پاس

خَزَآئِنُ	رَحْمَةِ رَبِّكَ	الْعَزِيْزِ	الْوَهَّابِ ۚ ﴿9﴾
خزانے ہیں	آپ کے رب کی رحمت کے	(جو) نہایت غالب	بہت عطا کرنے والا ہے

ضروری وضاحت

①یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔②فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔③یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑤اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لَمَّا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی ابھی تک نہیں کیا جاتا ہے اسکے بعد علامت یہ کا ترجمہ اس یا ان کیا جاتا ہے۔

اَمۡ لَهُمۡ مُّلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ	یا انہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی
وَمَا بَيۡنَهُمَا ۚ قف	اور (اسکی) جو ان دونوں کے درمیان ہے
فَلۡيَرۡتَقُوۡا فِى الۡاَسۡبَابِ ﴿10﴾	تو چاہیے کہ وہ اُوپر چڑھ جائیں سیڑھیوں میں ﴿10﴾
جُنۡدٌ مَّا هُنَالِكَ	(وہ) ایک حقیر سا لشکر ہے (جو) اس جگہ
مَهۡزُوۡمٌ مِّنَ الۡاَحۡزَابِ ﴿11﴾	شکست کھایا ہوا ہے لشکروں میں سے۔ ﴿11﴾
كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّعَادٌ	ان سے پہلے قوم نوح اور عاد نے جھٹلایا
وَّفِرۡعَوۡنُ ذُو الۡاَوۡتَادِ ﴿12﴾ لا	اور میخوں والے فرعون نے۔ ﴿12﴾
وَثَمُوۡدُ وَقَوۡمُ لُوۡطٍ	اور ثمود اور قوم لوط
وَّاَصۡحٰبُ لۡئَيۡكَةِ ؕ	اور اَیکہ (جنگل) والوں نے (بھی جھٹلایا)
اُولٰٓئِكَ الۡاَحۡزَابُ ﴿13﴾ اِنۡ	یہی لوگ (بڑے) گروہ (لشکر) ہیں۔ ﴿13﴾ نہیں ہے (ان میں سے)
كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ	کوئی مگر اس نے جھٹلایا رسولوں کو
فَحَقَّ عِقَابِ ﴿14﴾ ع	تو واقع ہو گیا (ان پر میرا) عذاب۔ ﴿14﴾

ع 1 14 10

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مُّلۡكُ	مالک المُلک، مُلک وملت، ملوکیت۔	قَوۡمُ	قوم، اقوام، قومیت۔
السَّمٰوٰتِ	کتب سماویہ، ارض وسماء۔	ذُو	ذوالجلال، ذومعنی، ذومال، ذوالحجہ۔
الۡاَرۡضِ	ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	اَصۡحٰبُ	اصحابِ صفہ، اصحاب بدر، اصحاب کہف۔
فَلۡيَرۡتَقُوۡا	ارتقا، ارتقائی عمل۔	كُلٌّ	کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
مِّنَ	منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	اِلَّا	اِلّا ماشاءاللہ، اِلَّا قلیل، اِلَّا یہ کہ۔
الۡاَحۡزَابِ	حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔	الرُّسُلَ	رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
كَذَّبَتۡ	کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔	فَحَقَّ	حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔
قَبۡلَهُمۡ	قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔	عِقَابِ	عالم عقبیٰ، عاقبت نا اندیش۔

اَمْ ①	لَهُمْ ②	مُّلْكُ	السَّمٰوٰتِ ③	وَ	الْاَرْضِ	وَمَا ④
یا	انہی کے لیے (ہے)	بادشاہی	آسمانوں	اور	زمین (کی)	اور جو

بَیْنَهُمَا ؔقف	فَلْیَرْتَقُوْا ⑤	فِي الْاَسْبَابِ ﴿10﴾
ان دونوں کے درمیان (ہے)	تو چاہیے کہ وہ سب اُوپر چڑھ جائیں	سیڑھیوں میں

جُنْدٌ مَّا ⑥⑦	هُنَالِكَ	مَهْزُوْمٌ	مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿11﴾
(وہ) ایک لشکر ہے حقیر سا	اس جگہ	شکست دیا ہوا	لشکروں میں سے

كَذَّبَتْ ③	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوْحٍ	وَّ	عَادٌ	وَّ
جھٹلایا	ان سے پہلے	قوم نوح	اور	عاد (نے)	اور

فِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿12﴾ لا	وَ	ثَمُوْدُ	وَ	قَوْمُ لُوْطٍ	وَّ
میخوں والے فرعون نے	اور	ثمود	اور	قوم لوط	اور

اَصْحٰبُ لْئَیْكَةِ ط ③⑧	اُولٰٓئِكَ	الْاَحْزَابُ ﴿13﴾	اِنْ ⑨
اَیکہ (جنگل) والوں نے	یہی لوگ	(بڑے) گروہ (لشکر ہیں)	نہیں ہے (ان میں سے)

كُلٌّ	اِلَّا	كَذَّبَ	الرُّسُلَ	فَحَقَّ	عِقَابِ ﴿14﴾ ع
کوئی بھی	مگر	اس نے جھٹلایا	رسولوں (کو)	تو واقع ہو گیا (ان پر)	(میرا) عذاب

ع 1 14 10

ضروری وضاحت

① اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے۔ ② لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ③ ات، تْ اور ۃ اسم کیساتھ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ فَ کے بعد لْ کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ یہاں مَا زائد ہے تحقیر کے لیے استعمال ہوا ہے۔ ⑧ اصحاب الایکہ سے مراد سیدنا شعیب علیہ السلام کی قوم ہے۔ ⑨ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً	اور نہیں انتظار کر رہے یہ لوگ مگر ایک سخت چیخ کا
مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ 15	نہیں ہوگا اس کے لیے (درمیان میں) کوئی وقفہ۔ 15
وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا	اور انہوں نے کہا اے ہمارے رب تو جلدی دے ہمیں
قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ 16	ہمارا حصہ یومِ حساب سے پہلے۔ 16
اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ	آپ صبر کریں اس پر جو وہ کہتے ہیں
وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ	اور یاد کیجیے ہمارے بندے صاحب قوت داؤد کو
اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ 17	بے شک وہ بہت رجوع کرنے والا (تھا)۔ 17
اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ	بیشک ہم نے تابع کر دیا پہاڑوں کو اس کے ساتھ
يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ 18	وہ تسبیح کرتے تھے شام اور صبح۔ 18
وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ۭ	اور پرندوں کو (بھی تابع کر دیا) جبکہ وہ اکٹھے کیے ہوئے تھے
كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ 19	سب اسی کے لیے رجوع کرنے والے تھے۔ 19
وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ	اور ہم نے مضبوط کر دی اس کی بادشاہی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَنْظُرُ	انتظار، منتظر، انتظار گاہ۔	مَعَهٗ	مع اہل وعیال، معیت، مع دوست واحباب۔
قَالُوْا	قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	يُسَبِّحْنَ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
عَجِّلْ	عجلت، مہر معجّل۔	بِالْعَشِيِّ	نماز عشاء، عشائیہ۔
اذْكُرْ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	الْاِشْرَاقِ	اشراق، نماز اشراق، وقت اشراق۔
ذَا	ذوالجلال، ذومعنی، ذومال ذی شان۔	الطَّيْرَ	طائر، طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔
الْاَيْدِ	ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	مَحْشُوْرَةً	حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
سَخَّرْنَا	مسخر، تسخیر۔	شَدَدْنَا	شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
الْجِبَالَ	جبلِ اُحد، جبلِ رحمت، جبالِ ہمالیہ۔	مُلْكَهٗ	مالک المُلک، مُلک وملت، ملوکیت۔

وَ	مَا	يَنْظُرُ	هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	صَيْحَةً وَّاحِدَةً	مَّا
اور	نہیں	وہ انتظار کر رہے	یہ لوگ	مگر	ایک سخت چیخ کا	نہیں

لَهَا	مِنْ فَوَاقٍ① ⁽15⁾	وَقَالُوْا	رَبَّنَا②	عَجِّلْ
اسکے لیے (درمیان میں)	کوئی وقفہ	اور انہوں نے کہا	(اے) ہمارے رب	تو جلدی دے

لَّنَا	قِطَّنَا	قَبْلَ	يَوْمِ الْحِسَابِ ⁽16⁾	اِصْبِرْ③	عَلٰى مَا
ہم کو	ہمارا حصہ	پہلے	یومِ حساب سے	آپ صبر کریں	(اس) پر جو

يَقُوْلُوْنَ	وَاذْكُرْ	عَبْدَنَا	دَاوٗدَ	ذَا الْاَيْدِ④ ج
وہ سب کہتے ہیں	اور آپ یاد کیجیے	ہمارے بندے	داود	صاحب قوت (کو)

اِنَّهٗٓ	اَوَّابٌ⑤ ⁽17⁾	اِنَّا⑥	سَخَّرْنَا⑦	الْجِبَالَ	مَعَهٗ
بیشک وہ	بہت رجوع کرنیوالا (تھا)	بیشک ہم نے	ہم نے تابع کر دیا	پہاڑوں کو	اسکے ساتھ

يُسَبِّحْنَ⑧	بِالْعَشِيِّ	وَالْاِشْرَاقِ ⁽18⁾ لا	وَالطَّيْرَ	مَحْشُوْرَةً ط
وہ (پہاڑ) تسبیح کرتے تھے	شام کو	اور صبح کو	اور پرندوں (کو)	وہ اکٹھے کیے ہوئے (تھے)

كُلٌّ	لَّهٗٓ	اَوَّابٌ⑤ ⁽19⁾	وَشَدَدْنَا⑦	مُلْكَهٗ
سب	اسی کے لیے	رجوع کرنے والے (تھے)	اور ہم نے مضبوط کر دی	اسکی بادشاہی

ضروری وضاحت

①ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔②رَبَّنَا دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔③فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔④یہ یَدٌ (ہاتھ) کی جمع نہیں اَلْاَیْدِ سے مراد دینی قوت ہے۔⑤ فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے۔⑦نَا سے پہلے اگر جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑧ـنَّ فعل کے آخر میں جمع مؤنث کی علامت ہے۔

وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ	اور ہم نے دی اسے حکمت
وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿20﴾	اور فیصلہ کن گفتگو (کی صلاحیت)۔
وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ	اور کیا آئی آپکے پاس جھگڑا کرنے والوں کی خبر
اِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ﴿21﴾	جب وہ دیوار پھاند کر عبادت خانہ میں آ گئے۔﴿21﴾
اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ	جب وہ داخل ہوئے داوٗد پر
فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ	تو وہ گھبرا گئے اُن سے، انہوں نے کہا آپ نہ ڈریں
خَصْمٰنِ بَغٰى	(ہم) دو جھگڑنے والے ہیں زیادتی کی ہے
بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ	ہمارے بعض نے بعض پر (یعنی ایک نے دوسرے پر)
فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ	تو آپ فیصلہ فرمائیں ہمارے درمیان حق کیساتھ
وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ	اور بے انصافی نہ کیجیے اور ہدایت دے ہمیں
اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿22﴾	سیدھے راستے کی طرف۔﴿22﴾
اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۣ	بے شک یہ میرا بھائی ہے

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْحِكْمَةَ	: حکیم، حکمت، حکماء، حکیم الامت۔	تَخَفْ	: خوف، خائف، خوف و ہراس۔
فَصْلَ	: فیصلہ، فیصل۔	بَغٰى	: باغی، بغاوت، باغیانہ رویہ۔
الْخِطَابِ	: خطاب، خطبہ، خطیب، مخاطب۔	فَاحْكُمْ	: حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔
نَبَؤُا	: نبی، نبوت، انبیاء۔	اهْدِنَآ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
الْخَصْمِ	: مخاصمت۔	سَوَآءِ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔
الْمِحْرَابَ	: منبر و محراب، محرابِ مسجد۔	الصِّرَاطِ	: صراط مستقیم، پل صراط۔
دَخَلُوْا	: دخل، داخل، دخول، مداخلت۔	هٰذَآ	: لہٰذا، علیٰ ہذا القیاس۔
قَالُوْا	: قول، قائل، مقولہ، اقوال زرّیں۔	اَخِيْ	: اخوت، مؤاخات، اخوان۔

وَ	اٰتَیْنٰهُ ①②	الْحِكْمَةَ ③	وَ	فَصْلَ الْخِطَابِ ﴿20﴾
